# 10199 ـ کیا قرآنی آیات پرمشتمل کتابیں عسائیوں کودینا جائزہیں

**سوال**

کیا میرے لیے جائز ہے کہ اللہ تعالی کی وحدانیت کے ثبوت اورقرآنی آیات پرمشتمل عربی زبان میں لکھی ہوئی کتابیں اوراس کا انگلش میں کیا گیا ترجمہ عیسائیوں کودوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں آپ عیسائیوں کے سامنے قرآنی آیات پرمشتمل کتابیں رکھ سکتے ہیں تاکہ ان سے احکام اورتوحید وغیرہ پراستدلال کرسکیں چاہے یہ کتابیں عربی میں ہوں یا انگلش میں اس کا ترجمہ کیا گیا ہو ۔

بلکہ آپ اس کام پرمشکورہوں گے اس لیے کہ ایسی کتابیں انہیں مطالعہ کے لیے عایتا دینا یا پھر ان کے سامنے رکھنا یہ بھی دعوت الی اللہ کی نوع اورقسم ہے ، اورایسا کام کرنے والا عنداللہ ماجور ہے جبکہ اس میں اخلاص پایا جائے اوراسے اخلاص سے کرے ۔ .